**SUBJECT: URDU (URD2)**

**CLASS XII**

**SEMESTER III**

**THEORY**

**FULL MARKS - 40**

**MODEL QUESTIONS**

**1.** قصیدہ گوئی میں ذوق کا موازنہ کس شاعر سے کیا جاتا ہے؟

(A) میر

(B) سودا

(C) غالب

(D) مومن

**2.** ذوق کو خاقانی ہند کا خطاب کس دربار سے عطا ہوا؟

(A) رامپور

(B) حیدرآباد

(C) دہلی

(D) لکھنؤ

**3.** ذیل میں کون ذوق کے ہم عصر نہیں؟

(A) غالب

(B) مومن

(C) شیفتہ

(D) اقبال

**4.** کلیات ذوق کے مرتب کون ہیں؟

(A) خالد علوی

(B) تنویر احمد علوی

(C) وارث علوی

(D) ان میں کوئی نہیں

**5.** ذوق کس بادشاہ کے استاد تھے؟

(A) اکبر شاہ

(B) عالمگیر شاہ

(C) بہادر شاہ

(D) فرخ سیر

**6.** شامل نصاب قصیدہ میں ذوق کا ممدوح کون ہے؟

(A) عالمگیر ثانی

(B) سراج الدین ظفر

(C) اکبر شاہ ثانی

(D) محمد جہانگیر

**7.** قصیدے کے اجزائے ترکیبی میں کون سا عنصر شامل نہیں؟

(A) گریز

(B) حسن طلب

(C) سراپا

(D) تشبیب

**8.** نظم ''فاختہ کی آواز'' کس کی تخلیق ہے؟

(A) اختر الایمان

(B) حالی

(C) فیض

(D) جوش

**9.** ذیل میں کس رسالہ سے جوش کا تعلق تھا؟

(A) نیا ادب

(B) کلیم

(C) آئینہ

(D) سویرا

**10.** ...................کا اصل نام شبیر حسن خان تھا؟

(A) پرویز شاہدی

(B) ناصر کاظمی

(C) مجروح

(D) جوش

**11.** جوش کس سرکاری رسالے کے مدیر تھے؟

(A) آج کل

(B) لوٹس

(C) تہذیب الاخلاق

(D) امروز

**12.** جوش کس تحریک سے منسلک تھے؟

(A) علی گڑھ تحریک

(B) ترقی پسند تحریک

(C) جدیدیت

(D) ان میں کوئی نہیں

**13.** نظم ''فاختہ کی آواز'' جوش کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے۔

(A) شعلہ و شبنم

(B) آیات و نغمات

(C) سنبل و سلاسل

(D) فکر و نشاط

**14.** جوش کی خودنوشت سوانح کس نام سے شائع ہوئی ؟

(A) اس آباد خرابے میں

(B) یادوں کی برات

(C) آشفتہ بیانی میری

(D) ان میں کوئی نہیں

**15.** ''بہادر شاہ اور پھول والوں کی سیر'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) مولانا ابوالکلام آزاد

(C) فرحت اللہ بیگ

(D) رشید احمد صدیقی

**16.** ذیل میں کس نے عالمگیر ثانی کے قتل کی سازش رچی تھی؟

(A) امیرالدین

(B) غازی الدین

(C) علاءالدین

(D) اسیرالدین

17. اکبرشاہ ثانی کے عہد میں دلی کا ریزیڈنٹ کون تھا؟

(A) تھامس

(B) ملکر

(C) اسٹین

(D) ایڈورڈ

18. مرزا جہانگیر کی قید سے رہائی کے لیے کس نے منت مانگی تھی؟

(A) ممتاز محل

(B) بہادر شاہ ظفر

(C) اکبر ثانی

(D) ان میں کوئی نہیں

19. ذیل میں سے کون فرحت اللہ بیگ کے استاد تھے؟

(A) حالؔی

(B) شبلؔی

(C) نذیر احمد

(D) ذکاءاللہ

20. ''اس بے کس شہید کی لاش دفن ہوئی اور..................... بادشاہ ہوئے۔''

(A) شاہ عالم ثانی

(B) اکبر شاہ ثانی

(C) عالمگیر ثانی

(D) مرزا جہانگیر

21. مرزا جہانگیر کے برادر بزرگ کا نام کیا تھا؟

(A) اکبر شاہ ثانی

(B) شاہ عالم

(C) سراج الدین ظفر

(D) ان میں کوئی نہیں

22. ''انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا'' ذیل میں کس کتاب سے ماخوذ ہے؟

(A) آب حیات

(B) نیرنگ خیال

(C) دربارِ اکبری

(D) سخن دان فارس

23. ''انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا'' کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

(A) داستان

(B) افسانہ

(C) تمثیل

(D) ناول

24. ''انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا'' کا نفس مضمون کیا ہے؟

(A) شرم وحیا

(B) صبر وتحمل

(C) ایثار وقربانی

(D) اخلاق وآداب

25. ''انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا'' کی ابتدا کس کے قول سے ہوئی ہے؟

(A) سقراط

(B) ارسطو

(C) لقمان

(D) افلاطون

26. ''انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا'' کس انگریز مصنف کے مضمون کا ترجمہ ہے؟

(A) ٹٹلر

(B) جانسن

(C) ایڈیسن

(D) برناڈ شاہ

27. ''وہم'' حقیقت میں کون تھا؟

(A) فرشتہ

(B) شیطان

(C) جن

(D) انسان

28. ان میں سے کون تصنیف محمد حسین آزاد کی نہیں ہے؟

(A) آب حیات

(B) نیرنگ خیال

(C) سخن دان فارس

(D) گنج ہائے گراں مایہ

**29.** ''مگر دلی کا بادشاہ دلی کا بادشاہ رہا''

درج بالا جملہ میں 'دلی کا بادشاہ' کیا ہے؟

(A) اسم خاص

(B) صفت نسبتی

(C) ضمیر اشارہ

(D) اضافت توضیحی

**30.** ''چند دنوں میں نئے پھولوں سے نیا چمن آراستہ ہو جائے گا۔''

درج بالا جملہ میں 'چمن' کیا ہے؟

(A) اسم ذات

(B) اسم ظرف

(C) اسم صوت

(D) اسم کیفیت

**31.** ''اس کی آنکھیں وحشیانہ تھی، مگر نگاہ میں افسردگی تھی اور نام اس کا وہم تھا۔''

درج بالا جملہ میں 'وحشیانہ' کون سی صفت ہے؟

(A) صفت ذاتی

(B) صفت نسبتی

(C) صفت ضمیری

(D) صفت مقداری

**32.** ''معلوم ہوا کہ یہ عاشقوں کا گروہ ہے۔''

درج بالا جملہ میں 'گروہ' کیا ہے؟

(A) صفت

(B) اسم

(C) ضمیر

(D) فعل

**33.** ''اب وہ کہاں ہے؟''

لفظ 'کہاں' کون سا اسم ہے؟

(A) اسم فاعل

(B) اسم مفعول

(C) اسم کیفیت

(D) اسم استفہام

**.34** ''میں چند خواب لے کر آیا ہوں، چند سپنے۔''

لفظ 'خواب' میں کون سا واؤ مستعمل ہے؟

(A) واؤ معروف

(B) واؤ مجہول

(C) واؤ معدولہ

(D) ان میں کوئی نہیں

**.35** ''چولہے پر اپلے کا ایک جلا ہوا ٹکڑا پڑا تھا۔''

درج بالا جملہ میں اسم مادّہ کون سا ہے؟

(A) چولہا

(B) اپلے

(C) جلا ہوا

(D) ٹکڑا

**.36** ''ممانی سچ کہتی تھی۔''

'کہتی تھی' کون سا فعل ہے؟

(A) ماضی بعید

(B) ماضی قریب

(C) ماضی مطلق

(D) ماضی شکیہ

**.37** ''دیکھیے آپ ستّر کے ہو چکے ہیں اور میں ساٹھ کی۔''

درج بالا جملہ میں 'ستّر' اور 'ساٹھ' کیا ہیں؟

(A) اسم

(B) صفت

(C) ضمیر

(D) فعل

**.38** دل سے پھر ہوگی مری بات کہ اے دل اے دل

لفظ 'اے' کیا ہے؟

(A) حرف تعجب

(B) حرف استفہام

(C) حرف ندا

(D) ان میں کوئی نہیں

**39.** جیسے یعقوب غرق شیون میں

جیسے سیتا کی جستجو بن میں

یہاں 'یعقوب' اور 'سیتا' ذیل میں کس کی مثالیں ہیں؟

(A) فاعل

(B) صفت

(C) تلمیح

(D) ان میں کوئی نہیں

**40.** رفتہ رفتہ منقلب ہوتی گئی رسم چمن

دھیرے دھیرے نغمۂ دل بھی فغاں بنتا گیا

اس شعر میں 'رفتہ رفتہ' اور 'دھیرے دھیرے' کیا ہیں؟

(A) ترکیب

(B) تکرار لفظی

(C) صفت

(D) تاکید

END

**SUBJECT: URDU (URD2)**

**CLASS XII**

**SEMESTER III**

**THEORY**

**FULL MARKS – 40**

**(MCQ* Type Question)**

**KEY**

| Q. No. | Answer | Q.No. | Answer |
|---|---|---|---|
| 1 | B | 26 | C |
| 2 | C | 27 | B |
| 3 | D | 28 | D |
| 4 | B | 29 | D |
| 5 | C | 30 | B |
| 6 | B | 31 | A |
| 7 | C | 32 | B |
| 8 | D | 33 | D |
| 9 | B | 34 | C |
| 10 | D | 35 | B |
| 11 | A | 36 | A |
| 12 | B | 37 | B |
| 13 | A | 38 | C |
| 14 | B | 39 | C |
| 15 | C | 40 | D |
| 16 | B | | |
| 17 | C | | |
| 18 | A | | |
| 19 | C | | |
| 20 | A | | |
| 21 | C | | |
| 22 | B | | |
| 23 | C | | |
| 24 | B | | |
| 25 | A | | |